**06.01.2025**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ضمیر رَضوی
Music

.........................................................................

- ☆ چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں ماؤ نوازوں کے ذریعے کئے گئے IED کے ایک دھماکے میں 8 سکیورٹی اہلکاروں سمیت 9 افراد ہلاک ہوگئے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک سے ماؤ نوازیت کو جڑ سے ختم کرنے کا عہد کیا ہے۔
- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے جموں و کشمیر، تلنگانہ اور اڈیشہ میں ریلوے کے کلیدی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریلویز میک اِن انڈیا پہل کے فروغ کے ساتھ یکسر تبدیلی کے مرحلے سے گزر رہا ہے۔
- ☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ خواتین کو بااختیار بنانے میں پنچایتی راج ادارے اہم رول ادا کررہے ہیں۔
- ☆ حکومت نے اسٹیل صنعت کیلئے PLI اسکیم کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد گھریلو پیداوار کو فروغ دینا اور روزگار پیدا کرنا ہے۔
- ☆ بھارت نے خواتین اور بچوں سمیت افغان سویلین پر پاکستان کے فضائی حملوں کی مذمت کی ہے۔
- ☆ اور آئرلینڈ کے خلاف تین میچوں کی بین الاقوامی سیریز کیلئے بھارتی خواتین دستے کا اعلان کردیا گیا ہے۔ اِسمرتی مَندھانا بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گی۔

.........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *Rev. Chhattisgarh Killed*

چھتیس گڑھ میں ماؤنوازوں کے ذریعے ایک IED دھماکے میں 8 سکیورٹی اہلکاروں سمیت 9 افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ واقعہ آج دوپہر بیجاپور ڈسٹرکٹ کے Kutru علاقے میں پیش آیا۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے.........................

VC Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ کے نارائن پور ڈسٹرکٹ کے جنوبی Abujhmad علاقے میں تین ضلعوں کی سکیورٹی فورسز نے تقریباً دو دن پہلے ماؤنوازوں کے خلاف ایک مشترکہ کارروائی انجام دی تھی۔ اس کارروائی میں 5 ماؤنواز ہلاک ہوئے

تھے۔ کارروائی کے بعد دانتے واڑہ ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ DRG کے جوان اپنے کیمپ واپس آرہے تھے۔ آج دوپہر ماؤنوازوں نے سکیورٹی اہلکاروں کو لے جا رہی گاڑی کو نشانہ بناتے ہوئے اسے IED دھماکے سے اڑا دیا۔ بیجاپور ڈسٹرکٹ میں Kutru – Bedre سڑک پر Ambeli گاؤں کے نزدیک یہ واقعہ پیش آیا۔ دھماکہ اِس قدر طاقتور تھا کہ سڑک پر ایک بڑا گڈھا بن گیا اور گاڑی کے پرخچے اڑ گئے۔ اس واقعے میں، DRGکے 8 جوان اور گاڑی کا ڈرائیور موقع پر ہی ہلاک ہوگئے۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ رحمٰن

## Prez - IED Blast

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں IED دھماکے میں ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ DRG جوانوں پر حملے کی مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرِ جمہوریہ نے بہادر جوانوں کے سوگوار کنبوں سے اپنی تعزیت کا اظہار کیا۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ ملک ماؤ نوازیت کی لعنت کو مکمل طور پر جڑ سے ختم کرنے کے تئیں عہد بستہ ہے۔x

## PM-Railway Project

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ریلویز ، ''میڈ اِن انڈیا'' کے فروغ کے ساتھ یکسر تبدیلی کے مرحلے سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میٹرو اور ریلویز کیلئے جدید قسم کے کوچز تیار کئے جارہے ہیں۔ جناب مودی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے جموں و کشمیر ، تلنگانہ اور اڈیشہ میں ریلوے کے اہم پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھے جانے کے بعد اظہارِ خیال کررہے تھے۔

SB - 2100 - PM Modi on Made in India

خطے میں کنکٹویٹی کو مزید فروغ دینے کے تحت، وزیر اعظم نے نیو جموں ریلوے ڈویژن کا افتتاح کیا۔

انہوں نے تلنگانہ میں Charlaaplli نیوٹرمنل اسٹیشن کا بھی افتتاح کیا اور ایسٹ کوسٹ ریلوے کے رائے گڑھ ریلوے ڈویژن کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک میں مخصوص Freight کاریڈور جیسے جدید ریل نیٹ ورکس پر تیزی کے ساتھ کام ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِن خصوصی راہداریوں سے معمول کی پٹریوں پر دباؤ کو کم کرنے میں مدد ملے گی اور تیزرفتار ٹرینوں کیلئے مزید موقع بھی تشکیل دیئے جاسکیں گے۔

SB - 2100 - PM Modi on Bullet Train

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ جموں و کشمیر، تلنگانہ اور اڈیشہ میں ریل کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کے آغاز سے اِن خطوں میں سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور اِن خطوں کی سماجی اور اقتصادی ترقی مستحکم ہوگی۔

SB - 2100 - PM Modi on Jammu Kashmir

## J&K PM Railway

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نوتشکیل شدہ جموں ریلوے ڈویژن کا بھی ورچوئل طریقے سے افتتاح کیا۔
اِس افتتاح کے ذریعے سرینگر اور کٹڑا کے درمیان ریل لائن کا بھی آغاز ہوگا جس سے خطے میں سفر کے شعبے میں انقلابی تبدیلی رونما ہوگی۔آکاشوانی جموں کے نمائندے کے مطابق جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں ریل ڈویژن کی افتتاحی تقریب کے دوران اپنے خطاب میں یقین دلایا کہ کشمیر کے سیدھے ریل رابطے کی وجہ سے جموں کو معاشی نقصان نہیں ہوگا۔جناب عمر عبداللہ نے کہا کہ نئے ریل ڈویژن سے ملازمتیں پیدا ہونے، تجارت کو فروغ ملنے اور سیاحت میں اضافے کی امید ہے۔x

## PM - US NSA

وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر Jake Sullivan سے ملاقات کی۔
جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ بھارت- امریکہ اہمیت کی حامل جامع عالمی شراکت داری نئی بلندیوں تک پہنچ گئی ہے، جس میں ٹیکنالوجی، دفاع، خلاء، بایو ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے شعبے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ عوام کے فائدے اور دنیا کی بہتری کیلئے دونوں جمہوریتوں کے درمیان اِس میں تیزی لانے کے متمنی ہیں۔ x

## Prez

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا ہے کہ حکومت درجِ فہرست قبائل سمیت معاشرے کے سبھی طبقات کی ترقی کیلئے کام کر رہی ہے۔ راشٹرپتی بھون میں مختلف ریاستوں کے پنچایتی راج اداروں کے درجِ فہرست قبائل کی خواتین نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ پنچایتی راج ادارے بھارتی جمہوریت کی مضبوط بنیاد رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ پنچایتی راج ادارے بنیادی سطح پر حکمرانی اور سماجی ترقی کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں۔صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ ان اداروں نے خواتین کو بااختیار بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کیلئے بیشتر ریاستوں نے ریزرویشن کی حد کو بڑھا کر 50 فیصد تک کردیا ہے۔x

## Karnataka HMP Virus

کرناٹک کے صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر دنیش Gundu راؤ نے لوگوں سے کہا ہے کہ بنگلورو میں دو بچوں میں HMPV معاملات کا پتہ لگنے کے تعلق سے گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے۔ آج بنگلورو میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ''ہیومن میٹا نیمو وائرس'' کے معاملات پرانے وائرس کا ہی سبب ہیں اور ان سے جان کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے۔ دنیش Gundu راؤ نے بتایا کہ چین میں پھیلی وباء کا بنگلورو میں درج معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔x

## Nadda TB Mukt Bharat

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈّا نے آج زور دے کر کہا کہ پائیدار اور سرگرم شراکت داری اور ایک ملک گیر عزم، ٹی بی سے پاک، بھارت کے اہم مقصد کی حصولیابی کیلئے لازمی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے تحت ٹی بی کے مکمل خاتمے کی غرض سے 100 دن تیز تر مہم، ٹی بی کے خاتمے کے تئیں ایک متحد نقطہ نظر کی مثال پیش کرتی ہے۔ جناب نڈّا ٹی بی مکت بھارت ابھیان 100 دن کی تیز تر مہم کے تناظر میں متعلقہ وزارتوں کے ساتھ اہمیت کی حامل ایک مشترکہ میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔ WHO رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے انھوں نے مزید کہا کہ بھارت میں ٹی بی کے کیسز میں 17 اعشاریہ سات فیصد کی کمی آئی ہے جو پوری دنیا کے مقابلے میں دوگنی ہے۔x

## Rev Steel Ministry PLI

اسٹیل اور بھاری صنعتوں کے وزیر ایچ ڈی کمارا سوامی نے آج نئی دلّی میں اسٹیل صنعت کیلئے PLI اسکیم 1.1 کا آغاز کیا۔ اِس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، جناب کمارا سوامی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اعلیٰ معیار کا اسٹیل بھارت کی ترقی کا اہم ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ معیار کے اسٹیل کی بڑھتی ہوئی مانگ درآمدات کو کم کرنے اور آتم نربھر بھارت کا ایک سنہرا موقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اسٹیل کے فروغ کے ایک عالمی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ اسٹیل اور بھارتی صنعتوں کی وزارت کے سکریٹری سندیپ Pondrik نے اِس بات پر زور دیا کہ حکومت گھریلو اسٹیل سیکٹر کو تمام مراعات دینے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت نے PLI اسکیم 1.1 کو سرمایہ کار دوست بنانے کی کوشش کی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ PLI اسکیم 1.1 پانچ پروڈکٹ زمروں پر مشتمل ہے، جو موجودہ PLI اسکیم کے مطابق ہیں۔ ان میں Coated / Plated اسٹیل مصنوعات، High Strenght / Wear Resistant Steel ، Specialty Rails ، Alloy Steel مصنوعات ، اسٹیل Wires اور الیکٹریکل اسٹیل شامل ہیں۔

اسٹیل کی وزارت کی PLI اسکیم نے 27 ہزار 106 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کے عہد کے ساتھ، 14 ہزار 760 افراد کو روزگار دینے اور 7 اعشاریہ نو صفر ملین ٹن ''خصوصی اسٹیل'' کی تخمینہ جاتی پیداوار کو شامل کیا ہے۔

پچھلے سال نومبر تک کمپنیوں نے پہلے ہی 18 ہزار 300 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے اور 8 ہزار 660 سے زیادہ روزگار پیدا کئے ہیں۔ اسٹیل کی وزارت نے شرکت کرنے والی کمپنیوں سے باقاعدہ مشاورت کی ہے اور ان سے موصول رائے کی بنیاد پر یہ محسوس کیا کہ اسکیم کو دوبارہ نوٹیفائی کرنے کی گنجائش موجود ہے تاکہ زیادہ شرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔ x

## Pradhan UGC

وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے آج نئی دلّی میں UGC ضابطوں کا مسودہ 2025 جاری کیا۔ یہ مسودہ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں اساتذہ اور تدریسی عملے کے تقرر و ترقی نیز اعلیٰ تعلیم میں معیارات کو برقرار رکھنے کے عمل سے

متعلق ہے۔ یہ مسودہ ضوابط یونیورسٹیوں کو اپنے اداروں میں ٹیچرز اور تدریسی عملے کی تقرری و ترقی دینے کے عمل میں لچک فراہم کرے گا۔

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ یہ مسودہ اصلاحات اور رہنما خطوط، اعلیٰ تعلیم کے ہر پہلو کو اختراع، شمولیت، لچک اور تقویت فراہم کرے گا۔ انھوں نے UGC ٹیم کو، نئ تعلیم پالیسی 2020 کے اخلاقیات سے ہم آہنگی کرتے ہوئے ضوابط کا مسودہ اور رہنما خطوط وضع کرنے پر مبارکباد دی۔

وزیر موصوف نے کہا کہ ضوابط کے مسودے کو ردِعمل، تجاویز اور مشوروں کیلئے عوام کے سامنے رکھا گیا ہے۔ ضابطوں کے مطابق امیدوار، جن مضامین میں SET، NET کیلئے کوالیفائی کریں گے، اُن مضامین میں وہ اپنا Teaching کیریئر چن سکتے ہیں۔ اگرچہ ان کی پہلی ڈگری مختلف مضمون سے ہی کیوں نہ ہو۔ البتہ Ph.D اہلیت کو ترجیح دی جائے گی۔x

## Agriculture Edible Oils

زارعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے سبھی ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ خوردنی تیل کی پیداوار میں خودکفالت کے حصول کیلئے خوردنی تیل-پام تیل کے قومی مشن کے تحت اپنی کوششوں میں اضافہ کریں۔ یہ مشن درآمدات پر انحصار کم کرنے اور کسانوں کی آمدنی میں اضافے کے بھارت کے نظریے میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ اِس مشن کا مقصد سال 2025-26 تک ساڑھے چھ لاکھ ہیکٹر رقبے کو پام تیل کے زیر کاشت لانا ہے۔ نئ دلّی میں ایک میٹنگ کے دوران جناب چوہان نے ریاستوں کے ذریعے اپنے کاشت کے نشانوں کو ترجیح دینے، کمیوں کو دور کرنے اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب چوہان نے مزید کہا کہ حکومت نے شفافیت اور کارکردگی میں اضافے کیلئے جیو میپنگ اور ڈرون نگرانی کے ذریعے ڈیجیٹل نگرانی جیسے اقدامات متعارف کرائے ہیں۔

## Gadkari - Surakhsa Reloaded Event

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے طلباء پر اِس بات کیلئے زور دیا ہے کہ وہ سڑکوں کو محفوظ بنانے کیلئے نہ صرف اپنے آپ کیلئے بلکہ دوسروں کیلئے بھی ٹریفک ضابطوں پر عمل کریں۔ ممبئی میں NHAI کی جانب سے سڑک سُرکشا ابھیان 2025 کے پروگرامSuraksha Reloaded سے خطاب کرتے ہوئے، جناب گڈکری نے کہا کہ گذشتہ برس سڑک حادثات کی تعداد میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ انہوں نے سڑک حادثات اور اس کے متاثرین کے تعلق سے مختلف اعداد و شمار بھی پیش کئے۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ پچھلے سال اسکول اور ادارہ جاتی علاقوں میں 10 ہزار افراد نے اپنی جان گنوائی۔انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ بچوں میں اپنے والدین اور اپنے آس پاس کے لوگوں پر اثر انداز ہونے کی قوت ہے۔ جناب گڈکری نے اس بات کا اعادہ کیا کہ اگر بچے ضابطوں پر قائم رہنے کا عہد کریں تو وہ نہ صرف اپنے آپ کو بلکہ دوسروں کو بھی محفوظ رکھ سکتے ہیں۔x

**MEA - Afghan**

بھارت نے پاکستان کی جانب سے افغان سویلین پر فضائی حملوں کی خبروں کی مذمت کی ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ بھارت نے افغان سویلینس پر ہوئے فضائی حملوں کی میڈیا خبروں کا نوٹس لیا ہے، جس میں خواتین اور بچوں سمیت کئی قیمتی جانیں چلی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت بے قصور سویلین پر کسی بھی حملے کی واضح طور پر مذمت کرتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان کا یہ شیوا رہا ہے کہ وہ اپنی داخلی ناکامیوں کیلئے اپنے پڑوسیوں کو قصوروار قرار دیتا رہا ہے۔ x

**BCCI Women Cricket**

بھارتی کرکٹ کنٹرول بوڈ BCCI نے آئرلینڈ کے خلاف تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کیلئے 15 رکنی خواتین کرکٹ ٹیم کا اعلان کیا ہے۔ کپتان ہرمن پریت کور اور تیز گیندباز رینوکا سنگھ کو سیریز کے دوران آرام دیا گیا ہے۔ہرمن پریت کور کی غیرموجودگی میں سمرتی منداھانا خواتین ٹیم کی کپتان ہوں گی جبکہ دیپتی شرما، نائب کپتان کی ذمہ داری نبھائیں گی۔

آئرلینڈ کے خلاف خواتین ٹیم کا پہلا ایک روزہ بین الاقوامی میچ 10 جنوری کو ہوگا۔سیریز کا دوسرا میچ 12 جنوری کو اور تیسرا اور فائنل میچ 15 جنوری کو کھیلا جائے گا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆